Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Translation Studies) I Semester Examination, April 2021

Paper : MATS102CCT : A Brief History of Urdu Language

پرچہ : اردو زبان کی مختصر تاریخ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i. کھڑی بولی ان میں سے کس زبان کی بنیاد ہے؟

(a) اردو (b) فارسی (c) ترکی (d) عرب

ii. اردو میں فارسی الاصل حروف ہیں

(a) ت، ج، ک، ہ، ث (b) ق، س، غ، ص، ح

(c) ل، م، ن، و، ھ (d) پ، چ، ژ، گ، ے

iii. ''دکن میں اردو'' کا مصنف ان میں سے کون ہے؟

(a) محمد حسین آزاد (b) نصیرالدین ہاشمی (c) حافظ محمود شیرانی (d) سید سلیمان ندوی

iv. لفظ اردو کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) عربی (b) ترکی (c) فارسی (d) ہندی

v. مقدمہ شعر و شاعری۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی تصنیف ہے۔ مولانا ابوالکلام آزاد/ خواجہ الطاف حسین حالی

vi. صوتیات کا تعلق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے ہے۔ لسانیات/ادبیات

vii. محی الدین قادری زور ماہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔ اقبالیات/لسانیات

viii. مقدمہ تاریخ زبان اردو۔۔۔۔۔کی تصنیف ہے۔ سید سلیمان ندوی/ مسعود حسین خاں

ix. A House Divided کا مصنف کون ہے؟

x. اردو کا رسم الخط اصلاً کس زبان کا رسم الخط ہے؟

حصہ دوم

2۔ زبان کی مختلف تعریفات بیان کرتے ہوئے اپنی رائے کا اظہار کیجیے کہ ان میں سے آپ کس تعریف کو جامع قرار دیتے ہیں اور کیوں؟

3۔ زبان اور بولی کا فرق معہ امثال واضح کیجیے۔

4۔ انسان اور جانور کی زبان کے مابین پائے جانے والے فرق کا جائزہ لیجیے۔

5۔ اردو اور ہندی کے لسانی و تہذیبی رشتے پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔

6۔ اردو پر فارسی زبان کے اثرات کی نشان دہی کیجیے اور ان کے اسباب پر روشنی ڈالیے۔

7۔ اردو کے آغاز و ارتقا کے تعلق سے حافظ محمود شیرانی کے خیالات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

8۔ محی الدین قادری زور اور مسعود حسین خاں کے لسانی نقطہ نظر میں پائی جانے والی مماثلتوں کا ذکر کیجیے۔

9۔ درج ذیل لفظی تراکیب اردو میں کن زبانوں سے آئی ہیں؟ نشان دہی کیجیے۔

1۔حشرات الارض	2۔طرزِادا	3۔شمس الضحیٰ	4۔ایامِ رفتہ	5۔بحرالفصاحت
6۔مایا موہ	7۔دریائے ناپیدا کنار	8۔شکر رنجی	9۔قحط الرجال	10۔جھوٹ موٹ
11۔امروز و فردا	12۔دمادم	13۔دھوپ چھاؤں	14۔بعداز مرگ	15۔عرض گزار
16۔ابن الوقت	17۔چھومنتر	18۔گتھم گتھا	19۔دھول دھپا	20۔چشم بددور

حصہ سوم

10۔ دکنی اردو کی لسانی خصوصیات پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

11۔ اردو پر فارسی زبان کے لسانی و ادبی اثرات کی نشان دہی کیجیے۔

12۔ اردو اور عربی کے لسانی رشتے پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔

13۔ اردو پر انگریزی زبان کے بڑھتے اثرات کا مختصراً جائزہ لیجیے۔

14۔ کیا اردو ایک ہند آریائی زبان ہے؟ اپنی معلومات کا مدلل اظہار کیجیے۔

☆☆☆